## اداریہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم و بہ نستعین............

ماہِ ربیع الاول کا آغاز ہو چکا ہے، اس ماہِ مبارک کی شان بھی خوب ہے کہ دنیا بھر کے گلی کوچوں میں محمدِ عربی ﷺ کا نامِ نامی اسمِ گرامی عام دنوں کی بنسبت ذرا زیادہ اہتمام سے لیا جاتا اور آپ ﷺ کی سیرت طیبہ کا ذکر ذرا زور وشور سے ہونے لگتا ہے۔ اس موقع پر ہر ملک اور خطہ کے لوگوں کے اندازِ ذکرِ رسول اپنے اپنے ہیں، ان میں یکسانیت پیدا کرنے کی کوئی کوشش تا حال بارآور ثابت نہیں ہوسکی اور شاید ہو بھی نہ سکے، کہ خود خداوندِ کریم کو بھی اپنی کائنات ومخلوق میں تنوع پسند ہے۔ تاہم اُس بار دو باتیں بری اہم ہیں ایک تو ملکی سطح کی اور دوسری صوبائی سطح کی۔ ملکی سطح پر اس بار تمام مسلمان تحفظ ناموس رسالت کے حوالے سے بظاہر مجتمع دکھائی دیتے ہیں اور وحدت کی ایک صورت محسوس ہوتی ہے۔ صوبائی سطح پر اس بار یہ بات بڑی خوش آئند ہے کہ متحدہ قومی مومنٹ نے صوبے بھر میں جشن عید میلاد النبی ﷺ منانے کا خصوصی اہتمام کیا ہے۔ کراچی کے جن علاقوں کے ناظمین کا تعلق متحدہ سے ہے وہ یکم ربیع الاول ہی سے نور میں جگمگاتے نظر آرہے ہیں ہر گلی محلے میں سبز لائٹیں اور مختلف بینرز استقبال شہر النور کی علامت کے طور پر نظر آرہے ہیں۔ سنی تنظیمیں اپنے اپنے حلقہ ہائے اثر میں محافل میلاد کی سیریز شروع کرچکی ہیں۔

محافلِ سیرت ومیلاد میں واعظانِ شیریں مقال اور نعت خواں حضرات قلوبِ سامعین کو گرماتے اور داد وتحسین وصول کرتے نظر آرہے ہیں۔ محافلِ میلاد وسیرت کی رنگا رنگ تقاریب دلفریب ودلربا مناظر پیش کرتی ہیں مگر افسوس کہ سیرت کے عملی پہلو سے اکثر میں پہلو تہی نظر آتی ہے۔

ان محافل کے اسٹیج جن لوگوں سے آباد ہیں ان میں مقررین کا ایک طبقہ وہ ہے جو ایک طویل عرصہ سے نورانیت وبشریت مصطفیٰ کے عنوان سے آگے نہیں بڑھ سکا، جلسۂ سیرت ہو یا محفلِ میلاد، یومِ صدیقِ اکبر ہو یا یومِ فاروقِ اعظم، یومِ علی ہو یا یومِ حسین ان کی تان کسی نہ کسی اختلافی مسئلہ پر ہی آکر ٹوٹتی ہے۔ راقم نے ایک تعزیتی جلسہ میں شرکت کے موقع پر بھی ایک عالمِ دین کو اسی موضوع پر خطاب کرتے پایا تو عجب حیرت ہوئی کہ موقع کی مناسبت سے تذکیر موت یا تکمیل ہم وغم، فضیلت

☆ لا یؤمن احدکم حتی اکون احب الیہ من ولدہ والدہ والناس اجمعین ☆

